ABC CERTIFIED
آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیّدہ زاہد سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 27 | 28 رمضان 1447 بدھ 18 مارچ 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 16

# یورپی ممالک نے ہری جھنڈی دکھا دی، ٹرمپ کو بڑا جھٹکا

آبنائے ہرمز میں فوجی کارروائی میں حصہ لینے سے صاف صاف انکار، ایران سے جاری تنازع میں براہِ راست شامل نہیں ہونا چاہتے، یورپی ممالک نے دوٹوک جواب دیدیا

**امریکا اور اسرائیل کو اپنے اہداف اور حکمت عملی کے بارے میں اتحادیوں کو واضح معلومات فراہم کرنی چاہئیں، کا ملک اس تنازع کو نیٹو مشن نہیں سمجھتا، برطانیہ**

برسلز (بیورو رپورٹ) اتحادی یا نیٹو ممالک نے آبنائے ہرمز میں فوجی کارروائی میں حصہ لینے سے انکار کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ وہ ایران سے جاری تنازع میں براہِ راست شامل نہیں ہونا چاہتے۔ یورپی یونین کے اعلیٰ سفارتکار کاجا کالاس نے کہا کہ ان کا ملک موجودہ تنازع میں کسی داخلہ لینے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ انہوں نے امریکا اور اسرائیل کو اپنے اہداف اور حکمت عملی کے بارے میں اتحادیوں کو واضح معلومات فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ تفصیلات کے مطابق

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

## سکیورٹی فورسز نے دہشت گرد ناکام حملہ ناکام بنا دیا

تھانہ پکا ٹنڈل میں 45 منٹ جنگ، چوکی فتح، ٹیل پر ایک گھنٹے تک شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا

بنوں (بیورو رپورٹ) اتھارٹی پکا ٹنڈل اور چوکی فتح ٹیل پر بنی افسر کی کارروائی میں دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق دونوں حملے ناکام بنا دیئے گئے۔ پولیس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

## بغداد میں امریکی سفارتخانے پر ڈرون اور راکٹ حملوں کی بارش

فرانس (نیوز ڈیسک) امریکی سفارتخانہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

## ڈونلڈ ٹرمپ بھی بوکھلاہٹ کا شکار، اپنی ہی تقریر پر یوٹرن

امریکی صدر آبنائے ہرمز کھلوانے کیلئے اتحادیوں سے مدد کی درخواست کرنے کیلئے ملے

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بھی یکایک یوٹرن کرتے ہوئے کہا کہ ایک تقریر میں کی بازیابت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

اسلام آباد (وزیر اعظم شہباز شریف موجود) وفاقی اور صوبائی وزراء کے تقرر میں کفایت شعاری کے اقدامات پر مشتمل آرڈیننس کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# ذخیرہ اندوزی برداشت نہیں کی جائیگی

شہباز شریف

**ایندھن کی بچت کفایت شعاری**

شہباز شریف کی زیر صدارت خطے کی صورتحال کے پیش نظر ایندھن کی بچت اور کفایت شعاری کے اقدامات کے نفاذ پر جائزہ اجلاس، تمام متعلقہ اداروں کو ہنگامی اقدامات کیلئے تیار رہنے کی ہدایت

**تمام کابینہ ارکان نے رضا کارانہ طور تنخواہیں نہیں لیں، سرکاری محکموں کی تیل کی کٹوتی کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں، بچت کے اقدامات سے عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مدد ملے گی**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت خطے کی صورتحال کے پیش نظر ایندھن کی بچت اور کفایت شعاری کے اقدامات کے نفاذ پر جائزہ اجلاس ہوا۔ اجلاس کو کفایت شعاری اور بچت کے اقدامات کے نفاذ اور ایندھن کی بچت کے اقدامات کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ سرکاری محکموں کی تیل کی کٹوتی کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں، ذخیرہ اندوزی برداشت نہیں کی جائیگی، ملک میں پٹرول کی ذخیرہ اندوزی کی اطلاعات پر مجرمانہ کارروائی ہوگی، وزیر اعظم کی جانب سے چاروں صوبائی وزراء اعلیٰ اور وفاقی وزراء کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے اپنے صوبوں میں پٹرول کی ذخیرہ اندوزی کی روک تھام کیلئے کارروائی کریں، ایندھن کی بچت کے اقدامات پر عملدرآمد کی پیش رفت سے آگاہی دیا گیا۔ بریفنگ کے مطابق وزیر اعظم کی جانب سے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

## ایران کے سپریم کمانڈر چیف علی لاریجانی شہید

اسرائیل کا دعویٰ

**ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری کشیدگی کے دوران اس نوعیت کے دعوے سامنے آتے رہے ہیں**

**اس دعوے پر ایران کی طرف سے تاحال کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا ہے، ذرائع سے تصدیق نہ ہو سکی**

تل ابیب (نیوز ڈیسک) اسرائیل کے وزیر دفاع اسرائیل کاٹز نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے سپریم کمانڈر علی لاریجانی ایک کارروائی میں شہید ہو گئے ہیں۔ اسرائیلی حکام کے مطابق یہ کارروائی حالیہ حملوں کے دوران کی گئی، جنہوں نے ایران کی عسکری قیادت کو نشانہ بنایا۔ اسرائیلی حکام کے مطابق اس دعوے کی تصدیق ابھی نہیں ہوئی، واضح رہے کہ ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری کشیدگی کے دوران اس نوعیت کے دعوے سامنے آتے رہے ہیں، تاہم ان کی تصدیق بعد میں نہیں ہو سکی۔ ذرائع سے تصدیق نہیں ہو سکی، واضح رہے کہ ایران کے سپریم کمانڈر علی لاریجانی کو ایران کی طرف سے تاحال کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا ہے، جس کے باعث اس خبر کی درست

لندن، امریکی فضائیہ کا رک ویل B71B اسٹریٹ RAF ٹنکر فورڈ سے ایک آف کر رہا ہے

# 23 مارچ کو پریڈ اور دیگر تقریبات نہ کرنے کا فیصلہ

تیل، بحران اور کفایت شعاری مہم کے تحت اس دن وقار اور احترام کے ساتھ سادہ پرچم کشائی کی تقریبات منعقد ہوں گی

**تقریبات سے اجتناب، استقامت اور غیر متزلزل عزم کے ساتھ ساتھ وسیع تر کفایت شعاری پالیسی کو بھی برقرار رکھا جائے**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے 23 مارچ کو پاکستان کے مرکزی پریڈ اور دیگر تقریبات نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے جو کہ 23 مارچ 2026ء کو یوم پاکستان کی پریڈ اس سے منسلک تمام تقریبات منعقد ہوا کرتی تھیں۔ ایک سرکاری نوٹیفکیشن کے مطابق تیل بحران، حکومت کی کفایت شعاری اقدامات کے تناظر میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ 23 مارچ 2026ء کو یوم پاکستان کی پریڈ اس سے منسلک تمام تقریبات منعقد نہیں کی جائیں گی تاہم اس دن کو وقار اور احترام کے ساتھ سادہ پرچم کشائی کی تقریبات کے ذریعے منایا جائیگا۔ یہ اقدام اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کیا جا رہا ہے کہ قومی یوم پاکستان کے تقاریب سے اجتناب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27

# طالبان کی فوجی پوسٹیں اینٹی ٹینک گائیڈڈ میزائل کے ذریعے تباہ

**پاک افواج کی افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کیخلاف کامیاب اور موثر کارروائیاں جاری، تازہ کارروائی میں تیرہ سیکٹر میں افغان طالبان کی فوجی چوکیں اور شمالی وزیرستان میں مجندہ ایپسٹ تباہ کر دی**

**تیرہ سیکٹر سے متعدد افغان طالبان کی فوجی پوسٹوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا گیا، پاک فوج نے اینٹی ٹینک گائیڈڈ میزائل کے ذریعے پوسٹوں کو مکمل طور پر تباہ کر دیا، آئی ایس پی آر**

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاک افواج کی افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کیخلاف کامیاب اور موثر کارروائیاں جاری، تازہ کارروائی میں تیرہ سیکٹر میں افغان طالبان کی فوجی چوکیں اور شمالی وزیرستان میں مجندہ ایپسٹ تباہ کر دی۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق تیرہ سیکٹر سے متعدد افغان طالبان کی فوجی پوسٹوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا گیا، پاک فوج نے اینٹی ٹینک گائیڈڈ میزائل کے ذریعے پوسٹوں کو مکمل طور پر تباہ کر دیا، آئی ایس پی آر کے مطابق افغان طالبان کی فوجی پوسٹوں کو مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا ہے

ABC Certified
آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
سے پاک سماجات کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سید ذاکر ہمدانی
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید عمر کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر شرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: جمشید کمال)

## مشرقِ وسطیٰ کا بحران اور پاکستان کی سفارتکاری

ایران تنازع کے حوالے سے وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب کا دورہ کیا اور سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز سے ملاقات کی، دونوں رہنماؤں کے درمیان فلحے میں حالیہ پیشرفت پر تفصیلی جائزہ لیا گیا، خطے کے امن و استحکام کے فروغ کے لیے مشترکہ طور پر کام جاری رکھنے پر اتفاق ہوا۔ دوسری جانب ایران کے نئے سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای نے اپنا پہلا بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایران خطے جاری اور آئندہ ہر حملوں کا جواب کر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ تیل کی قیمتوں میں اضافہ امریکا کے لیے نفع بخش ہے۔ ایران اور اسرائیل کے درمیان حالیہ فوجی کارروائیوں نے پورے خطے کو جنگ کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ یہ صورتحال نہ صرف علاقائی امن کے لیے خطرناک ہے بلکہ اس کے اثرات عالمی سیاست، معیشت، توانائی کی فراہمی اور عالمی سلامتی کے نظام تک کھیل سکتے ہیں۔ ایسے حساس اور نازک حالات میں پاکستان کی سفارتی سرگرمیاں اور علاقائی شراکت داروں کے ساتھ اس کے روابط خصوصی اہمیت اختیار کر گئے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کا حالیہ دورہ سعودی عرب اسی تناظر میں دیکھا جا رہا ہے، جس کا بنیادی مقصد خطے کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر مشاورت اور امن و استحکام کے لیے مشترکہ حکمت عملی کی تلاش تھا۔ یہ ملاقات ایسے وقت میں ہوئی ہے جب ایران اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی مسلسل بڑھ رہی ہے اور جنگی کارروائیاں ایک وسیع شکل اختیار کرتی جا رہی ہیں۔ اسرائیل کی جانب سے ایران پر کیے گئے وسیع فضائی حملوں نے خطے میں شدید ردعمل کو جنم دیا ہے۔ ان حملوں کے جواب میں ایران اور اس کے اتحادی گروہوں کی جانب سے مختلف کارروائیوں کی اطلاعات سامنے آ رہی ہیں۔ لبنان میں موجود حزب اللہ نے اسرائیل پر میزائل راکٹ داغے جب کہ اسرائیلی فضائی دفاعی نظام کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ اسی طرح ایران کی جانب سے عراق، کویت اور متحدہ عرب امارات میں موجود امریکی فوجی اڈوں اور تنصیبات پر حملوں کی خبریں بھی سامنے آئی ہیں۔ اطلاعات کے مطابق بعض امریکی بحری جہازوں کو بھی نشانہ بنایا گیا ہے جب کہ دبئی کے مرکزی علاقے دبئی مرینا میں دھماکوں کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ عراق کے شہر بصرہ میں بندرگاہ پر آئل ٹرمینل کی بندش اور بحرین میں تیل کے ٹینکوں میں آتشزدگی جیسے واقعات نے عالمی توانائی کی سپلائی کے حوالے سے خدشات کو مزید بڑھا دیا ہے۔ خلیجی ممالک میں عید کی تقریبات اور مختلف عوامی پروگرام بھی منسوخ کیے جا رہے ہیں جب کہ سیاحت اور فضائی سفر کے شعبے کو روزانہ کروڑوں ڈالر کے نقصانات کا سامنا ہے۔ ان واقعات کے فوری اثرات عالمی معیشت پر بھی مرتب ہو رہے ہیں۔ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں ایک بار پھر سو ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی ہیں۔

## صہیونیت، خطے کی سیاست اور فلسطین: ایک الجھا ہوا سچ

تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر (روزنامہ اطلاعات کراچی)

اکثر ہمارے خدشات الٰہی اور الہامی معلومات کا نتیجہ ہوتے ہیں، جنہیں درست فہم سے کم کیا جا سکتا ہے۔ پاکستنی سے مشرقِ وسطیٰ کے حساس معاملات، خاص طور پر اسرائیل، ایران اور فلسطین کے حوالے سے، ہمارے معاشرے میں غلط فہمیوں اور بکھرتے بیانیے کا خطرہ ہمیشہ موجود رہا ہے۔ نہ صرف عام عوام بلکہ پڑھے لکھے طبقات بھی ان معلومات پر مکمل تحقیق کیے بغیر رائے کا قائم کر لیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہم سوالات جیسے ایران کے مرجع "کیوں کیا جاتا ہے اسرائیل کے خدشات کیا ہیں، اور وہ ریاستی طور پر کیوں کام کرتا ہے" کا جواب بغیر سنیدہ مطالعہ کیے نہیں دے پاتا۔ جب تک ہم متعلقہ زمینوں سے ان مسائل کو نہیں دیکھیں گے، حقیقت تک رسائی ممکن نہیں۔

ایران کا سیاسی نظام "ولایت فقیہ" پر مبنی ہے، جہاں اصل اختیار سپریم لیڈر اور مذہبی قیادت کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔ اس نظام میں کسی بھی سیاسی تبدیلی کا انحصار انہی اداروں اور تعلقوں کی منظوری پر ہوتا ہے۔ اس لیے صرف حکومت بدلنے سے پالیسی میں بڑی تبدیلی نہیں آتی۔ ایران کا موقف خاص طور پر اسرائیل کے خلاف، انقلاب کے بعد سے مستقل رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسرائیل کے وجود کو تسلیم کیا جاتا ہے اور نہ ہی اسرائیل کے لیے ایک مستقل نظرِ تصور کیا جاتا ہے۔ اسی تناظر میں ایران کے مرجع کا وہ بیان جو ایران کے خلاف جنگی اقدامات کو جائز سمجھتا ہے، اس کے مکمل سیاق کو سمجھنا ضروری ہے۔ پاکستان اپنا تاریخ کو ہمیشہ ایران کے خلاف جنگی اقدامات کو جائز سمجھتا ہے۔ اس کے باوجود پاکستان نے ہمیشہ بات چیت اور سفارتی کوششوں کو ترجیح دی ہے اور یہی سفارتی کوششیں مزید ثابت ہوئی ہیں۔ اگر یہی حالات برقرار رہے تو مستقبل میں مزید خدشات اور تناؤ کی تصدیق کا امکان خارج نہیں کیا جا سکتا۔

## قومی سلامتی کا تقاضا: تیل و خوراک کے اسٹریٹجک ذخائر کی ناگزیر اہمیت

تحریر: شیخ منظور
سیاسی رہنما

پاکستان کی معیشت ایک نازک توازن پر قائم ہے جہاں بیرونی حالات کا اثر فوری طور پر محسوس کیا جاتا ہے۔ حالیہ مرحلے میں مشرقِ وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال، خصوصاً ایران، اسرائیل اور امریکہ کے درمیان بڑھتی ہوئی تناؤ نے عالمی منڈیوں کو شدید متاثر کیا ہے۔ خاص طور پر تیل کی قیمتوں میں اضافہ براہِ راست پاکستان کی درآمدات پر بوجھ بڑھا رہا ہے، جس کا اثر مہنگائی، کرنسی کی قدر اور مجموعی معیشت پر پڑ رہا ہے۔ اس تناظر میں یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ قومی سلامتی صرف دفاعی امور تک محدود نہیں بلکہ اس کا تعلق توانائی اور خوراک کی فراہمی سے بھی گہرا ہے۔ ایسے میں تیل کے اسٹریٹجک ذخائر کا قیام ایک ناگزیر ضرورت بن چکا ہے۔ ماضی میں پاکستان نے اس سمت میں کچھ اقدامات کیے تھے، جیسے کہ 1948 میں حاصل ہونے والا "گریٹر اسرائیل" کا تصور مذہبی حلقوں میں ضرور موجود ہے، لیکن اسے اسرائیل کی سرکاری پالیسی قرار دینا درست نہیں۔ بعض حلقے یہ سیاستدانوں کے بیانات کو عمومی پالیسی سمجھ لیتا ہے، جو ایک بڑی غلطی ہے۔ زمینی حقائق یہ ہیں کہ اسرائیل کی ریاستی پالیسی اپنے وجود کے تحفظ اور سلامتی کے گرد گھومتی ہے، نہ کہ وسیع تر علاقائی توسیع کے کسی واضح منصوبے کے تحت۔

فلسطین کا مسئلہ آج ایک ایسے موڑ پر کھڑا ہے جہاں حل کے امکانات کمزور پڑ چکے ہیں۔ 1993 میں طے پانے والے معاہدے نے ایک امید ضرور پیدا کی تھی کہ دو ریاستی حل ممکن ہو سکے گا، وقت کے ساتھ یہ امید مزید کمزور ہوتی گئی۔ خاص طور پر حالیہ تنازعات اور حملوں کے بعد اسرائیلی معاشرہ اس حد سے مزید دور ہو چکا ہے۔ دوسری طرف فلسطینی قیادت بھی منقسم اور کمزور نظر آتی ہے۔ موجودہ صورتحال ایک بند گلی کی مانند ہے جہاں نہ جنگ کو فتح کہا جا سکتا ہے اور نہ ہی سفارتی کوششیں مؤثر ثابت ہو رہی ہیں۔ اگر یہی حالات برقرار رہے تو مستقبل میں مزید خدشات اور تناؤ کا خدشہ رد نہیں کیا جا سکتا۔

## قائداعظم کی وصیت میں تبدیلی: حقیقت یا مفروضہ؟

برصغیر کی تاریخ میں محمد علی جناح کی شخصیت محض ایک سیاسی رہنما تک محدود نہیں بلکہ ایک دور اندیش مفکر کی حیثیت رکھتی ہے۔ قیامِ پاکستان سے آٹھ برس قبل انہوں نے اپنی جائیداد کے لیے بارہ ثلث پر مشتمل وصیت تیار کی جس میں تین تعلیمی اداروں، بعلی گڑھ مسلم یونیورسٹی، اسلامیہ کالج پشاور اور سندھ مدرسۃ الاسلام کے لیے حصہ مختص کیا گیا۔ یہ تفصیل اس بات کا واضح ثبوت تھا کہ قائداعظم تعلیم کو قوم کی ترقی کی بنیاد سمجھتے تھے۔ اسی تناظر میں علامہ اقبال کی شاعری میں بھی علم کو خودی کے فروغ کا ذریعہ قرار دیا گیا اور پنجاب میں یونینسٹ پارٹی کو شکست دینے میں اہم حصہ ادا کیا۔ اسی دوران پروفیسر فروغ احمد نے اپنی سیاسی فضا کی اس بحث کو مزید اہم بنا دیا ہے۔ اسی دوران پروفیسر فروغ احمد نے اپنی سیاسی فضا کی اس بحث کو مزید اہم بنا دیا ہے۔ اسی دوران پروفیسر فروغ احمد نے اپنی علمی کاوشیں انہیں یاد دلاتی ہیں کہ ہمیں تحقیق کے سنگِ ضمیر تعین بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخی دستاویز کی اصلیت کو تسلیم کیا جائے اور اس کی تحقیق کو ہی اصل بنیاد بنایا جائے۔ یہ رویہ ہی قائداعظم کی وصیت کی اصل روح کو سمجھنے کا راستہ ہے۔ اس تناظر میں یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ قائداعظم کی وصیت میں شریف الدین پیرزادہ کا نام سامنے آتا ہے، جنہوں نے بعض معاملات میں نگہبانی کردار ادا کیا۔ معروف کھاری اور شیر کاؤں نے بھی اس حوالے سے تحقیقی قائداعظم تعلیم کو قوم کی ترقی کی بنیاد سمجھتے تھے۔

تحریر: عبدالرفیع صدیقی، سینئر تجزیہ کار

## ڈیٹی مدارس ٹائمز کی ڈیٹی اخلاقی تربیت کے اہم مراکز میں، عبدالرشید نعمانی

قرآن و سنت کی تعلیمات پر مبنی کیریکٹر ایک بہترین اور باکردار معاشرے کی تشکیل میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے اور بدیں قاری عبداللہ جان اور گاہے بھی تقریب میں شریک ہے۔ مہمان خصوصی مولانا عبدالرشید نعمانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قرآن و سنت کی تعلیمات پر مبنی تربیت ہی ایک بہترین اور باکردار معاشرے کی تشکیل میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ ڈیٹی مدارس ٹائمز کی ڈیٹی اخلاقی تربیت کے اہم مراکز میں جہاں طلبہ کو علم کے ساتھ کردار سازی کی طرف بھی توجہ دی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ اور انتظامیہ کی اس تقریب میں شرکت طلبہ کے حوصلے بڑھانے کا ذریعہ بنی۔ ڈیٹی مدارس ٹائمز کی ڈیٹی اخلاقی تربیت کے ساتھ تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب دیتی ہیں۔

## ذوالفقار علی بھٹو نے عوام کو حقوق مانگنا سکھایا، مقبول خان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی لیبر ونگ ذوالفقار علی بھٹو کی برسی کے جلسے میں حاضرین کو خطاب کرتے ہوئے پارٹی کے رہنما مقبول خان نے کہا کہ قرآن و سنت کی روشنی میں رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو عوام کو ایک نڈر، زندہ، باشعور اور باکردار قوم بنانے کا خواب دیکھتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو نے عوام کو حقوق مانگنے کا شعور دیا اور ان کے دلوں میں یہ یقین پیدا کیا کہ وہ اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو کی جدوجہد کا مقصد ہی عوام کو باشعور اور باکردار بنانا تھا۔ مقبول خان نے کہا کہ آج پاکستان کو ایک مضبوط قیادت کی ضرورت ہے جو عوام کو ان کے حقوق سے آگاہ کرے اور ان کو اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کرنا سکھائے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہی وہ جماعت ہے جو عوام کو ان کے حقوق کے لیے آواز بلند کرنا سکھاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے کارکن ہی اس جماعت کا اصل سرمایہ ہیں

## اطلاعات 01

تقریب میں انسٹی ٹیوٹ آف ایڈوانس ٹیکنالوجی کے زیر اہتمام "ایسٹ ٹیکنالوجی ڈے" کے موقع پر "ایسٹ ٹیکنالوجی ایکسپو" کا انعقاد کیا گیا جس میں طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا گیا۔ اس موقع پر ادارے کے ڈائریکٹر جنرل پروفیسر ڈاکٹر محمد ارشد نے مہمان خاص کی حیثیت سے شرکت کی اور طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں کو سراہا۔

# کراچی میں جماعت اسلامی کا سیاسی مستقبل کی مخدوش ہے

کرم اللہ وقاصی

جماعت اسلامی کراچی کی ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ بن چکی ہے اور اس کی سیاست صرف تنقید، الزامات اور پریس کانفرنسوں تک محدود ہو کر رہ گئی ہے

**جماعت اسلامی اپنے 9 نائبین میں ہونیوالی کرپشن چھپانے کیلئے میئر کراچی کو تنقید کا نشانہ بنا کر عوام کو بیوقوف نہیں بنا سکتی، ترجمان میئر کراچی**

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی کے ترجمان اور کے ایم سی میں پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی نے جماعت اسلامی کراچی کے ممبر مظفر نظر کو بیانات کے بجائے تحقیق سے سوچنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ جماعت اسلامی گھٹیا سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے لیے بلاوجہ بھونڈے اور بیمار کراچی کا نام استعمال کر کے نہ تو اپنا کردار ادا کر رہی ہے اور نہ ہی مثبت کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنے کے بجائے جماعت اسلامی عوام کو گمراہ کرنے اور سیاسی انتشار پیدا کرنے میں مصروف ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دہائی میں کراچی میں انہوں نے کیا کر شہر کے مسائل کے حل کے لیے عملی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

## ہم عوام کی عملی خدمت پر یقین رکھتے ہیں، زاہد رحیم

**پورے سال خدمت عوام ویلفیئر آرگنائزیشن کے ڈسٹرکٹ عوام کی خدمت کیلئے موجود ہوتے ہیں**

سفید پوش مستحقین کو رمضان اور عید کی خوشیوں شامل کرنا ہم سب کا اخلاقی فرض ہے، ظہیر احمد میمن

کراچی (نمائندہ خصوصی) خدمت عوام ویلفیئر آرگنائزیشن کے بانی و چیئرمین اور نیشنل یوتھ ریلیف کونسل کراچی کے چیئرمین زاہد رحیم نے حسب روایت اپنے سفید پوش مستحقین کو رمضان المبارک سے قبل رمضان پیکیج تقسیم کیا۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے موقع پر ہم سب کو اپنے اپنے گرد و نواح میں موجود ضرورتمند افراد کی مدد کرنی چاہیے اور ہمیں اپنے اپنے علاقوں میں ایسے سفید پوش مستحقین کو تلاش کر کے ان کی مدد کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے اپنے علاقوں میں ایسے سفید پوش مستحقین کو تلاش کر کے ان کی مدد کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے اپنے علاقوں میں ایسے سفید پوش مستحقین کو تلاش کر کے ان کی مدد کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے موقع پر ہم سب کو اپنے اپنے گرد و نواح میں موجود ضرورتمند افراد کی مدد کرنی چاہیے اور ہمیں